اٹھارہواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کیے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز بدھ 29 جنوری 2020

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ امداد باہمی

# فیصل آباد شہر میں کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز سے متعلقہ تفصیلات

*912: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) فیصل آباد شہر کی حدود میں کتنی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز ہیں ان کا رقبہ کتنا ہے اور یہ کتنے پلاٹوں پر مشتمل ہیں؟

(ب) یہ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کب رجسٹرڈ کی گئی تھیں۔

(ج) کن کن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کو ان کی منتخب انتظامیہ چلا رہی ہے اور کس کس ہاؤسنگ سوسائٹی کو محکمہ کے افسران چلا رہے ہیں۔

(د) ان کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کی سال 18-2017 اور 19-2018 کی آمدن اور اخراجات بتائیں۔

(ہ) ان میں کس کس سوسائٹی کے خلاف نیب یا دیگر کسی ادارے میں خورد برد کا کیس چل رہا ہے۔

( تاریخ وصولی 19 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 13 جنوری 2019)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) فیصل آباد میں 12 کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز ہیں۔ اُن کے رقبہ جات اور تعداد پلاٹس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی | رقبہ | تعداد پلاٹس |
|---|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ<br>فیصل آباد | Kanal 733<br>Marla 03<br>S 04 | 767 |
| 2 | ٹیلی کام انجنیئرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ<br>فیصل آباد | 2719 Kanal | 3743 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1141 | 1401 Kanal | فیصل آباد ایمپلائیز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 3 |
| 701 | 72-Acres,<br>6-Kanal and<br>14-Marla | اکیڈمک ایمپلائیز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 4 |
| 468 | 461- Kanal<br>6- Marla. | کو آپریٹو ہاؤس بلڈنگ سوسائٹی ملازمین زرعی یونیورسٹی فیصل آباد | 5 |
| 2054 | 137.75 Acres | ریلوے ایمپلائیز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 6 |
| 1110 | 1506 Kanal<br>12 Marla | دی لائرز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 7 |
| 553 | 216 Kanal<br>4 Marla | دی بہاری کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 8 |
| 646 | 85 Acres,<br>7 Kanal &<br>4 Marla | ڈسٹرکٹ گورداسپور مہاجرین کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 9 |
| 705 | 131 Kanal<br>4 Marla | فیصل آباد کرسچین کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 10 |
| سوسائٹی نے ابھی رقبہ نہ خریدا ہے | | دی شاداب کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 11 |
| 5996 | 651<br>Acres<br>04 Kanal<br>10 Marla | دی واپڈا ایمپلائیز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 12 |

(ب)ان کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی تاریخ رجسٹریشن درج ذیل ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 08.02.1982 |
| 2 | ٹیلی کام انجنیئرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 16.04.1989 |
| 3 | فیصل آباد ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 08.10.1990 |
| 4 | اکیڈمک ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 29.05.1990 |
| 5 | کوآپریٹو ہاوس بلڈنگ سوسائٹی ملازمین زرعی یونیورسٹی فیصل آباد | 19.07.1971 |
| 6 | ریلوے ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 07.08.1986 |
| 7 | دی لائرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 22.10.1989 |
| 8 | دی بہاری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 05.05.1975 |
| 9 | ڈسٹرکٹ گورداسپور مہاجرین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 31.10.1951 |
| 10 | فیصل آباد کرسچین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 14.10.1968 |
| 11 | دی شاداب کواپریٹو ہاوسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 24.05.1977 |
| 12 | دی واپڈا ایمپلائیز کواپریٹو ہاوسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 20.04.1987 |

(ج)ان کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کو اُن کی منتخب انتظامیہ کمیٹی چلارہی ہے اور کسی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ایڈمنسٹریٹر تعینات نہ ہے۔

(د)ان کوآپریٹوہاؤسنگ سوسائٹیز کی تفصیل آمدن اور اخراجات بابت سال18- 2017 درج ذیل ہے جبکہ رواں مالی سال19-08-20ابھی مکمل نہ ہوا ہے۔لہذا مطلوبہ رپورٹ مؤرخہ 30.06.2019 کے بعد دی جاسکتی ہے۔

| نام کوآپریٹوہاؤسنگ سوسائٹیز | 2017-18 | |
|---|---|---|
| | آمدن | اخراجات |
| گورنمنٹ ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 1364079 | 381724 |
| ٹیلی کام انجنیئرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 13000000 | 12500000 |
| فیصل آباد ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 3438773 | 16790338 |
| اکیڈمک ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 5857014 | 5860997 |
| کوآپریٹوہاوس بلڈنگ سوسائٹی ملازمین زرعی یونیورسٹی فیصل آباد | 14765646 | 11624899 |
| ریلوے ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 3894013 | 2402934 |
| دی لائرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 4342545 | 5065034 |

| | | |
|---|---|---|
| 14121 | 15689 | دی بہاری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد |
| 109000 | Nil | ڈسٹرکٹ گورداسپور مہاجرین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد |
| 615880 | 884291 | فیصل آباد کرسچین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد |
| Nil | 169590 | دی شاداب کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد |
| 126807651 | 136926812 | دی واپڈا ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد |

(ہ) فیصل آباد میں کسی بھی ہاؤسنگ سوسائٹی کا کیس نیب یا دیگر ادارے میں نہیں چل رہا ہے۔

**تاریخ وصولی جواب 22 مئی 2019)**

**فیصل آباد میں کوآپریٹو بنک کی تعداد نیز 50 لاکھ روپے سے زائد ڈیفالٹر سے متعلقہ تفصیلات**

*1619: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع فیصل آباد میں کوآپریٹو بنک کی کتنی برانچز کس کس شہر / قصبہ میں ہیں؟

(ب) ان برانچز میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟

(ج) ان برانچز سے سال 18-2017 اور 19-2018 کے دوران کتنی رقم بطور قرض فراہم کی گئی یہ قرض کن کن سکیموں کے لیے پر فراہم کیا گیا۔

(د) ان برانچز کے ڈیفالٹر کی تعداد کتنی ہے۔

(ہ)ان برانچز کے پچاس لاکھ روپے سے زائد ڈیفالٹرز کے نام و پتہ جات اور رقم کی تفصیل دی جائے۔

(و)ڈیفالٹرز سے رقم کی وصولی کے لیے کیا اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

(تاریخ وصولی20فروری2019 تاریخ ترسیل24اپریل2019)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف)ضلع فیصل آباد میں کوآپریٹو بینک کی کل سات برانچز ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1. فیصل آباد ریل بازار فیصل آباد
2. چک جھمرہ غلہ منڈی چک جھمرہ
3. ڈجکوٹ مین فیصل آباد روڈ نزد عسکری بینک لمیٹڈ ڈجکوٹ
4. جڑانوالہ واٹر ورکس روڈ بالمقابل ایم سی سکول جڑانوالہ
5. سمندری غلہ منڈی سمندری
6. تاندلیانوالہ غلہ منڈی تاندلیانوالہ
7. ماموں کانجن پرانا ڈاکخانہ بازار چوک ماموں کانجن

(ب)مورخہ 30.04.2019 کے ریکارڈ کے مطابق ان برانچز میں کام کرنے والے ملازمین کی تعداد درج ذیل ہے:-

| نمبر شمار | نام برانچ | تعداد ملازمین |
|---|---|---|
| 1 | فیصل آباد | 10 |
| 2 | چک جھمرہ | 08 |
| 3 | ڈجکوٹ | 07 |
| 4 | جڑانوالہ | 08 |

| | | |
|---|---|---|
| 5 | سمندری | 07 |
| 6 | تاندلیانوالہ | 07 |
| 7 | ماموں کانجن | 07 |

(ج)ان برانچز سے سال 18-2017 میں مبلغ 43 کروڑ 60 لاکھ 33 ہزار 147 روپے جبکہ 19-2018 کے دوران مبلغ 24 کروڑ 07 لاکھ 44 ہزار 581 روپے کی رقم بطور قرض فراہم کی گئی جس کی تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د)ان برانچز کے ڈیفالٹرز کی تعداد کی تفصیل تتمہ "د" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ہ)ضلع فیصل آباد کی برانچز کے پچاس لاکھ روپے سے زیادہ کے ڈیفالٹرز کے نام و پتہ جات اور رقم کی تفصیل اس طرح ہے:-

ضلع فیصل آباد کی برانچز سے پچاس لاکھ روپے یا اس سے زیادہ کے قرضہ جات جاری نہیں کئے گئے لہذا ان برانچز میں کوئی بھی پچاس لاکھ روپے یا اس سے زیادہ کا ڈیفالٹر نہ ہے۔

(و)ضلع فیصل آباد کی ان برانچز کے ڈیفالٹرز سے رقم کی وصولی کے لئے بینک ہذا محکمہ امداد باہمی سے مل کر کوشش کر رہا ہے اور ان کو فعال بنانے کیلئے ان سے رابطے بھی کئے جا رہے ہیں اور ان کو نوٹسز بھی جاری کئے ہیں مزید براں محکمہ امداد باہمی نے ان ڈیفالٹرز کے خلاف ڈگری کر کے Attachment اور Possession کے نوٹسز بھی جاری کر دیئے ہیں اور ان میں سے کچھ ڈیفالٹرز کی زمین بینک کے نام منتقل ہو چکی ہے۔ اس کے علاوہ بینک ہذا نے جو ریکوری پیکیج کے ذریعے ان سے ریکوری بھی کی ہے۔ نیز اسسٹنٹ رجسٹرار محکمہ امداد باہمی ڈیفالٹرز کو گرفتار کر کے جیل بھی بھیجتے ہیں۔

تاریخ وصولی جواب 22 مئی 2019)

## ضلع قصور میں کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز کی تعداد و مالکان کے نام اور دیگر تفصیلات

*1665: ملک محمد احمد خاں: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع قصور میں کتنی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کس کس جگہ کتنے کتنے رقبہ پر ہے ان کے مالکان کے نام کیا ہیں؟

(ب) اس ضلع میں محکمہ ہذا کے کتنے دفاتر اور ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(ج) اس ضلع میں کتنے کوآپریٹو بنک کہاں کہاں ہیں۔

(د) یہ کوآپریٹو بنک کسانوں کو کس شرح پر قرض دے رہے ہیں۔

(ہ) ان بنکوں کے پاس کسانوں کو قرض کی ادائیگی کے لئے کتنی درخواستیں زیر التواء ہیں۔

(تاریخ وصولی 20 فروری 2019 تاریخ ترسیل 16 مئی 2019)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) ضلع قصور میں 2 کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز ہیں۔

جن میں سے ایک واپڈا ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی 43 کلومیٹر مین ملتان روڈ قصور پر واقع ہے جس کا کل رقبہ 1060.25 کنال ہے۔ اس کے مالکان / انتظامیہ کمیٹی کے نام درج ذیل ہیں۔

i۔ نور محمد صدر (معطل)

ii۔ محمد ایوب کھوکھر جنرل سیکرٹری (معطل)

iii۔ محمد شعیب نائب صدر

iv۔ ماجد علی فنانس سیکرٹری

اس کے علاوہ تاثیر انور زبیری، غلام فرید قادری، مبشر حسن، محمد منظور اور حاجی محمد امین ایگزیکٹو ممبرز ہیں۔

جبکہ دوسری ریلوے ایمپلائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی قصور ہے۔ سوسائٹی زیر انصرام (Under Liquidation) ہے۔ سوسائٹی ہذا نے کوئی رقبہ خرید نہ کیا ہے اور نہ ہی کوئی انتظامیہ کمیٹی منتخب ہوئی ہے۔

(ب) ضلع قصور میں محکمہ ہذا کے 6 دفاتر ہیں اور ان میں 73 ملازمین کام کر رہے ہیں۔ جن کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) ضلع قصور میں 5 کوآپریٹو بنک ہیں جو کہ قصور، کوٹ رادھا کشن، چونیاں، پتوکی و پھولنگر میں کام کر رہے ہیں۔ جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1۔PPCBL قصور برانچ کچہری روڈ قصور۔

2۔PPCBL چونیاں برانچ چھانگا مانگا روڈ نزد ڈیرہ علاؤالدین چونیاں۔

3۔PPCBL کوٹ رادھا کشن برانچ اعظم آباد روڈ کوٹ رادھا کشن۔

4۔PPCBL پتوکی برانچ پرانا ڈاکخانہ بازار پتوکی۔

5۔PPCBL پھول نگر برانچ بالمقابل پولیس اسٹیشن صدر پھول نگر۔

(د) یہ کوآپریٹو بنک کسانوں کو مختلف نوعیت کے قرضہ جات مندرجہ ذیل شرح سود پر دے رہا ہے:۔

1۔ کوآپریٹو سوسائٹیز شرح سود 14%

2۔ اے۔ آر۔ ایف انفرادی شرح سود 13.50 %

3۔ کمپیوٹر فنانس شرح سود 16 %

4۔ گولڈن لون برائے ایگری شرح سود 17%

5۔لائیوسٹاک پروجیکٹ شرح سود%18

6۔لائیوسٹاک فارمنگ بھیڑ بکریاں شرح سود%17

7۔ میڈیم ٹرم لیز فنانس ٹریکٹر شرح سود% 14.80

(ہ)ان بنکوں کے پاس کسانوں کے قرض کی ادائیگی کے لئے 7 درخواستیں زیر التواء ہیں۔جن کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

تاریخ وصولی جواب26جون2019)

سرگودھا:پی پی 72 میں کوآپریٹو بنک کی برانچز، ملازمین اور قرض نادہندگان سے متعلقہ تفصیلات

*2070:جناب صہیب احمد ملک: کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)حلقہ پی پی 72 سرگودھامیں کوآپریٹو بنک کی کتنی برانچز کس کس قصبہ یاشہر میں ہیں؟

(ب)ان برانچز میں کتنے ملازمین کام کررہے ہیں ان برانچز میں 2018 سے 2019 کے دوران کتنی رقم بطور قرض فراہم کی گئی یہ قرض کن کن سکیموں پر فراہم کیا گیا۔

(ج)ان برانچز کے ڈیفالٹر کی تعداد کتنی ہے ان برانچز کے 50 لاکھ سے زائد رقم کے ڈیفالٹر کے نام وپتہ جات اوررقم کی تفصیل بیان کریں۔

(د)ڈیفالٹر سے رقم وصولی کے لئے کیااقدام اٹھائے جارہے ہیں۔

( تاریخ وصولی22مارچ2019 تاریخ ترسیل یکم جولائی2019)

جواب

وزیرامداد باہمی

(الف)حلقہ پی پی 72 سرگودھا میں پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک کی ایک برانچ ہے جو کہ سرگودھا کے شہر بھیرہ میں واقع ہے۔

(ب) بھیرہ برانچ میں ملازمین کی کل تعداد 5 ہے جن میں 1 برانچ منیجر، 1 آفیسر برانچ آپریشنز، 1 کیشیئر، 1 میسنجر اور 1 بینک گارڈ شامل ہیں۔ اس برانچ میں مورخہ 01.07.2018 تا 30.06.2019 تک جو قرضہ جات جن جن سکیموں کے تحت دیئے گئے ان کی تفصیل اس طرح ہے:۔

| نمبر شمار | نام قرضہ سکیم | رقم قرضہ |
|---|---|---|
| 1 | فصلی قرضہ جات برائے کوآپریٹو سوسائٹیز | 1,11,77,600/- |
| 2 | ریوالونگ قرضہ جات برائے کوآپریٹو سوسائٹیز | 7,80,000/- |
| 3 | لائیو سٹاک پراجیکٹ (انفرادی) | 10,00,000/- |
| 4 | فارمنگ گوٹ اینڈ شیپ (انفرادی) | 65,86,286/- |
| 5 | گولڈ لون (انفرادی) | 4,48,37,893/- |
| 6 | ایگری رننگ فنانس سکیم (انفرادی) | 22,50,000/- |
| 7 | میڈیم ٹرم ٹریکٹر لیز فنانس (انفرادی) | 7,33,850/- |
| | میزان: | 6,73,65,629/- |

(ج) بھیرہ برانچ میں ڈیفالٹرز کی کل تعداد 15 ہے تاہم اس برانچ میں 50 لاکھ سے زائد رقم کا کوئی ڈیفالٹر نہ ہے۔ کیونکہ برانچ ہذا نے 50 لاکھ سے زائد رقم کا قرض جاری ہی نہیں کیا۔

(د) ڈیفالٹر سے قرضہ جات کی ریکوری کے سلسلہ میں کوآپریٹو سوسائٹیز ایکٹ 1925 کے سیکشن 54 کے تحت 14 ڈیفالٹ کیسز اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز کی عدالت میں دائر کر دیئے گئے ہیں جن کی باقاعدہ طور پر پیروی کی جا رہی ہے۔ بقیہ 1 کیس کے خلاف نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 22 جولائی 2019)

## ضلع رحیم یار خان سال 18-2017 میں کسانوں کی فلاح و بہبود کیلئے محکمہ کوآپریٹو کے منصوبوں سے متعلقہ تفصیلات

*2933: سید عثمان محمود: کیا وزیر امداد و باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

محکمہ امداد باہمی نے ضلع رحیم یار خان میں کسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے سال 18-2017 میں کون کون سے منصوبہ جات شروع کیے ان منصوبہ جات کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(تاریخ وصولی 26 اگست 2019 تاریخ ترسیل 30 ستمبر 2019)

جواب

وزیر امداد باہمی

18-2017 مین کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کا کوئی منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں ضلع رحیم یار خان سے متعلق زیرِ غور نہیں تھا۔ بہر حال ڈیپارٹمنٹ کے تمام ریکارڈ کو کمپیوٹرائزڈ کرنے کیلئے ایک منصوبہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں موجود ہے جو کہ متعلقہ فورم سے منظور ہو چکا ہے اور اس پر جیسے ہی فنڈز فراہم کیے جائیں گے تو کام شروع کر دیا جائیگا۔ جس سے ضلع رحیم یار خان بھی مستفید ہو گا۔

(تاریخ وصولی جواب 29 نومبر 2019)

## بہاولپور: پروانشل کوآپریٹو بنک کی تعداد جاری کردہ قرض اور ڈیفالٹرز سے متعلقہ تفصیلات

*3264: جناب ظہیر اقبال: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) بہاولپور میں امداد باہمی کے کتنے دفاتر اور ادارے قائم ہیں اس محکمہ کا مالی سال 20-2019 کا بجٹ کتنا ہے؟

(ب)اس ضلع میں کتنے ملازمین محکمہ ہذا کے کام کر رہے ہیں۔

(ج)اس ضلع میں پروانشل کوآپریٹو کے کتنے بنک کام کر رہے ہیں۔

(د)ان بنک سے سال 2018 اور 2019 میں کتنے افراد کو قرض جاری کیا گیا۔

(ہ)ان بنک کے ڈیفالٹر کی تعداد کتنی ہے کتنے افراد 10 لاکھ روپے سے زیادہ کے ڈیفالٹر ہیں ان کے نام مع قرض کی تفصیل فراہم کریں۔

(تاریخ وصولی 3 اکتوبر 2019 تاریخ ترسیل 18 دسمبر 2019)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف)اس وقت محکمہ امداد باہمی کے ضلع بہاولپور میں درج ذیل دفاتر / ادارے ہیں

دفاتر

1۔جوائنٹ / ڈپٹی رجسٹرار بہاولپور اور اس کے 17 ذیلی دفاتر ہیں تفصیل ضمیمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

بجٹ مالی سال 20-2019 مبلغ -/ 43987200 روپے ہے۔

2۔لیڈی اسسٹنٹ رجسٹرار بہاولپور اور اس کا 01 ذیلی دفتر بجٹ مالی سال 20-2019 مبلغ -/ 10169200 روپے ہے۔

3۔ریجنل کوآپریٹو ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ بہاولپور۔بجٹ مالی سال 20-2019 مبلغ -/13914000 روپے ہے۔

(ب)150 سرکاری ملازمین تفصیل ضمیمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)اس وقت ضلع بہاولپور میں پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک کی 6 برانچز کام کررہی ہیں۔

(د)5306 ممبران کو قرضہ جاری کیا گیا۔

(ہ)ڈیفالٹرز کی تعداد 280 ہے 10 لاکھ روپے سے زیادہ کے 05 ڈیفالٹرز ہیں تفصیل ضمیمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 13 جنوری 2020)

صوبہ میں کوآپریٹو بنک کے کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*3540: چودھری اختر علی: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ میں کوآپریٹو بنک میں کتنے ملازم کس کس کیٹگریز میں کام کررہے ہیں؟

(ب) کتنے ملازم مستقل، کتنے کنٹریکٹ اور کتنے ڈیلی ویجز کی بنیادوں پر کام کررہے ہیں کس کس کیٹگریز میں کتنے عرصہ سے کام کررہے ہیں۔

(ج) کیا حکومت کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کو ریگولر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 13 نومبر 2019 تاریخ ترسیل 13 جنوری 2020)

جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) دی پنجاب پروانشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ جس کا کاروباری دائرہ کار صرف صوبہ پنجاب تک محدود ہے اس میں 1636 ملازمین کام کررہے ہیں جس کی کیٹگری وائز تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)اس بینک میں 978 ملازمین مستقل بنیادوں پر اور 131 ملازمین کنٹریکٹ بنیادوں پر کام کر رہے ہیں جبکہ 527 ملازمین Outsourced ہیں جو دوسری پرائیویٹ کمپنیز سے لئے گئے ہیں بینک کے ملازم نہ ہیں یہ 527 Outsourced ملازمین ڈرائیورز، میسنجرز اور گارڈز کی کیٹگریز میں کام کر رہے ہیں۔ تاہم ڈیلی ویجز پر کوئی ملازم کام نہیں کر رہا۔ مستقل اور کنٹریکٹ بنیادوں پر ملازمین کی کیٹگری وائز اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)پنجاب پراونشل کوآپریٹو بینک لمیٹڈ ایک خود مختار مالیاتی ادارہ ہے جس کے اہم معاملات کا فیصلہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کرتا ہے جس کی تشکیل زیر عمل ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 28 جنوری 2020)

صوبہ بھر میں محکمہ کوآپریٹو کے کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*3541: چودھری اختر علی: کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)صوبہ بھر میں محکمہ امداد باہمی میں کل کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں؟

(ب) یہ ملازمین کس کس کیٹگریز میں کام کر رہے ہیں۔

(ج)ان میں کتنے ملازمین مستقل اور کتنے کنٹریکٹ بنیادوں پر کام کر رہے ہیں اور کتنے عرصہ سے کام کر رہے ہیں۔

(د) کیا حکومت محکمہ کے کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک نہیں وجوہات سے آگاہ فرمائیں۔

(تاریخ وصولی 13 نومبر 2019 تاریخ ترسیل 13 جنوری 2020)

## جواب

وزیر امداد باہمی

(الف) محکمہ امداد باہمی پنجاب میں 2497 ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(ب) یہ ملازمین مستقل اور کنٹریکٹ کیٹگریز میں کام کر رہے ہیں۔

(ج) ان میں سے 2414 ملازمین مستقل بنیاد پر کام کر رہے ہیں جبکہ 83 ملازمین کنٹریکٹ پر کام کر رہے ہیں۔ جن کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) حکومت کی پالیسی کے مطابق کنٹریکٹ ملازمین کو قانون کے مطابق مستقل کر دیا جائے گا۔

(تاریخ وصولی جواب 28 جنوری 2020)

لاہور | محمد خان بھٹی
مورخہ 28 جنوری 2020 | سیکرٹری

بروز بدھ 29 جنوری 2020 کو امداد باہمی کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | جناب محمد طاہر پرویز | 1619-912 |
| 2 | ملک محمد احمد خاں | 1665 |
| 3 | جناب صہیب احمد ملک | 2070 |
| 4 | سید عثمان محمود | 2933 |
| 5 | جناب ظہیر اقبال | 3264 |
| 6 | چودھری اختر علی | 3541-3540 |

اٹھارہواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کیے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز بدھ 29 جنوری 2020

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

## محکمہ امداد باہمی

# فیصل آباد: محکمہ امداد باہمی کے دفاتر اور این جی اوز سے متعلقہ تفصیلات

**329: جناب محمد طاہر پرویز:** کیاوزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) فیصل آباد میں محکمہ امداد باہمی کے کتنے دفاتر ادارے اور ملازمین ہیں؟

(ب) محکمہ امداد باہمی سے اس ضلع میں کتنی رجسٹرڈ NGOs ہیں۔

(ج) اس ضلع میں کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کے نام اور رقبہ کی تفصیل دی جائے۔

(د) کیاان رجسٹرڈ NGOs اور ہاؤسنگ سوسائیٹیز پر محکمہ کا چیک اینڈ بیلنس ہے تو ان کو چیک کرنے کا اختیار کس کے پاس ہے۔

(تاریخ وصولی 3 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل یکم جنوری 2019)

## جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) فیصل آباد میں محکمہ امداد باہمی کے 25 دفاتر، 2232 کوآپریٹو سوسائٹیز رجسٹرڈ (ادارے) اور 198 ملازمین ہیں۔

(ب) ضلع فیصل آباد میں محکمہ امداد باہمی میں کوئی این جی اوز (NGOs) رجسٹرڈ نہ ہیں۔

(ج)

| نمبر شمار | نام کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی | ایکڑ | کنال | مرلہ |
|---|---|---|---|---|
| 1 | گورنمنٹ ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 733 | 3 |
| 2 | ٹیلی کام انجنیئرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 2549 | 0 |
| 3 | فیصل آباد ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 1400 | 19 |
| 4 | اکیڈمک ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 72 | 01 | 10 |
| 5 | کوآپریٹو ہاؤس بلڈنگ سوسائٹی ملازمین زرعی یونیورسٹی فیصل آباد | 0 | 461 | 03 |
| 6 | ریلوے ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 783 | 04 |
| 7 | دی لائرز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 1506 | 12 |
| 8 | دی بہاری کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 216 | 4 |
| 9 | ڈسٹرکٹ گورداسپور مہاجرین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آبا | 85 | 0 | 0 |
| 10 | فیصل آباد کرسچین کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 21 | 3 | 0 |
| 11 | دی شاداب کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 0 | 0 | 0 |
| 12 | دی واپڈا ایمپلائیز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمٹیڈ فیصل آباد | 651 | 2 | 15 |

(د)1-این جی اوز(NGOs) محکمہ سوشل ویلفیئر کے تحت رجسٹرڈ ہوتی ہیں ان کا محکمہ امداد باہمی سے کوئی تعلق نہ ہے۔ جبکہ ہاؤسنگ سوسائیٹز پر ڈویژن کی سطح پر چیک اینڈ بیلنس کا اختیار ڈپٹی رجسٹرار کواپریٹو سوسائٹیز فیصل آباد کے پاس ہے، ضلع کی سطح پر سرکل رجسٹرار کواپریٹو سوسائٹیز کے پاس ہے اور تحصیل کی سطح پر اسسٹنٹ رجسٹرار و دیگر میدانی عملہ انسپکٹرز، سب انسپکٹرز بھی موجود ہیں۔

2-متعلقہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) نقشہ جات، ماسٹر پلان منظور کرتی ہے اور اسکے متعلقہ امور کی ذمہ دار ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 29 نومبر 2019)

## لاہور میں پنجاب لیکوڈیشن بورڈ کے تحت پلازوں، دکانوں سے حاصل آمدن سے متعلقہ تفصیلات

**823: چودھری اختر علی:** کیا وزیر امداد باہمی ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع لاہور میں محکمہ امداد باہمی کے تحت پنجاب لیکوڈیشن بورڈ کے تحت کتنے پلازے، دکانیں، زمین کس کس جگہ ہے؟

(ب) ان پلازوں، دکانوں اور زمین سے ماہانہ اور سالانہ کتنی آمدن ہو رہی ہے۔

(ج) ان پلازوں کے نام اور یہ کتنے رقبہ پر قائم ہیں ان میں کتنی دکانیں اور دفاتر و ہال وغیرہ ہیں۔

(د) کیا ان پلازوں، دکانوں اور زمین کی لیز ہر سال دی جاتی ہے۔

(ہ) پنجاب لیکوڈیشن بورڈ کے کتنے دفاتر کس کس جگہ پر ہیں اور ان میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں۔

(و) حکومت لاہور میں واقع اس بورڈ کی اراضی کی لیز کی تحقیقات کروانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک۔

(تاریخ وصولی 16 ستمبر 2019 تاریخ ترسیل 23 اکتوبر 2019)

### جواب

**وزیر امداد باہمی**

(الف) پنجاب کوآپریٹو بورڈ برائے لیکوڈیشن کی ملکیتی پلازوں اور دوکانوں اور زمین کی تفصیل "تتمہ الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ان پلازوں کی ماہانہ آمدنی مبلغ -/32,48,338 (بتیس لاکھ، اڑتالیس ہزار، تین سو اڑتیس روپے) اور سالانہ آمدن -/3,89,80,056 (تین کروڑ، نواسی لاکھ، اسی ہزار چھپن روپے) تفصیل "تتمہ۔ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) پنجاب کوآپریٹو بورڈ برائے لیکوڈیشن کے ملکیتی پلازوں اور رقبہ کی تفصیل "تتمہ ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(د) معزز عدالت عالیہ کے حکم مورخہ 06.06.2018 "تتمہ د" پر پی سی بی ایل کی ترمیم شدہ لیز/رینٹ پالیسی کے تحت پلازوں اور دکانات کی لیز/رینٹ حقوق کے لئے Open Auction ہر تین سال بعد کی جاتی ہے اور مزید دو سال کی ترمیم بھی شامل ہے۔ زرعی زمینوں کے لیز حقوق دینے کے لئے ڈپٹی کمشنر کو ان کی Evaluation کے لئے خطوط اور ریمانڈر ارسال کئے جا چکے ہیں۔ جیسے ہی Assessment وصول ہو گی ان کی لیز حقوق کے لئے Open Auction بذریعہ اخبار

اشتہار منعقد کی جائے گی۔

(ہ)پنجاب کوآپریٹوز بورڈ برائے لیکوڈیشن کا مین ہیڈ آفس ، مال ویو پلازہ ، بینک اسکوائر ، نیلا گنبد میں واقع ہے اور اس کے سب آفس ضلع سرگودھا اور راولپنڈی میں واقع ہیں۔اس میں کل 183 ملازمین کام کرتے ہیں۔

(و)بورڈ کی اراضی کی لیز کی تحقیقات کے لئے نیب پنجاب لاہور میں ریفرنس دائر کر دئے گئے ہیں جن پر تحقیقات چل رہی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 29 نومبر 2019 )

لاہور | محمد خان بھٹی
مورخہ 28 جنوری 2020 | سیکرٹری